بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ✦ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ
الفضل
ربوہ

ایڈیٹر
مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۳۶/۷۱ | اتوار ۲ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ ۱۹ فتح ۱۳۶۱ ہش ۱۹ دسمبر ۱۹۸۲ء | نمبر ۲۸۵

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۱۸ فتح / دسمبر۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ
طبیعت بلڈ پریشر اور نزلہ کی وجہ سے ناساز ہے احباب کرام خصوصی توجہ اور التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحتِ کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

غلبۂ اسلام کیلئے ہمیں اپنی جدوجہد کو انتہاء تک پہنچانا ضروری ہے

دعاؤں، قربانیوں، محنت سے غلبۂ اسلام کے دن کو قریب لانے کی کوشش کریں

بدھ مذہب کے پیروکاروں میں اسلام کی تبلیغ کیطرف توجہ کی جائے

جماعت احمدیہ شری لنکا کے جلسہ سالانہ کیلئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع (ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) کا پیغام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایداللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ہے کہ اسلام کے غلبہ کے لئے ہمیں اپنی جدوجہد کو انتہا تک پہنچانا ضروری ہے اس لئے ضروری ہے کہ احباب جماعت دعاؤں، قربانیوں، محنت اور جانفشانی سے اس دن کو قریب لانے کی سعی کریں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بدھ مذہب کے ماننے والوں میں تبلیغ کی طرف خصوصی توجہ دلائی اور فرمایا کہ اگر ہم ان کو یہ باور کرا سکیں کہ روح کی حقیقی شانتی اور خدا کا قرب صرف اسلام میں مل سکتا ہے تو انشاء اللہ یہ لوگ بھی اسلام کی طرف توجہ کریں گے۔

حضور ایدہ اللہ نے یہ بیش قیمت روح پرور ارشادات شری لنکا (سیلون) کے جلسہ سالانہ منعقدہ ۲۶، ۲۷ نومبر ۱۹۸۲ء بمقام نگمبو کے لئے ایک خصوصی پیغام میں ارسال فرمائے یہ پیغام مکرم محمد عمر صاحب فاضل مبلغ انچارج نزیل شری لنکا نے ۲۸ نومبر ۱۹۸۲ء کو جلسہ کی دوسری نشست میں پڑھ کر سنایا۔

حضور ایدہ اللہ کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے۔

برادران جماعت و حاضرین جلسہ!
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

مکرم مولوی محمد عمر صاحب نے آپ کے سالانہ جلسہ کے لئے پیغام بھجوانے کو کہا ہے اس بارے میں میرا پیغام حضرت مسیح موعود مہدی مسعود علیہ السلام کا یہ شعر ہے۔

بکوشید اے جوانان تا بدیں قوت شوید پیدا
بہارو رونق اندر روضۂ ملت شود پیدا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند جلیل حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا زمانہ غلبۂ اسلام کا زمانہ ہے مفسرین نے قرآن مجید کی آیت :۔ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ۔ (الصف آیۃ ۹) کی تفسیر میں لکھا ہے کہ تمام ادیان پر اسلام کا غلبہ مسیح موعود علیہ السلام سے وابستہ ہے یہی وجہ ہے کہ جہاں صادق و مصدوق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیح و مہدی کی آمد کی خبر دی وہاں فرمایا:۔

وَجَبَ عَلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ نَصْرُہٗ
اَوْ قَالَ اِجَابَتُہٗ

(ابو داؤد کتاب الملاحم باب ما یذکر فی ذکر المہدی)

کہ مہدی موعود آئے تو ہر مسلمان پر اس کی مدد اور اس کی آواز پر لبیک کہنا واجب ہے اور اس غلبہ کے لئے ہمیں اپنی جدوجہد کو انتہا تک پہنچانا ضروری ہے خدا کی مدد موقوف ہوتی ہے اس امر پر کہ بندے اس کی تقدیر کو پورا کرنے کے لئے کس حد تک اپنے فرض کو پورا کرتے ہیں۔

دیکھئے مامور زمانہ اپنی ابتدائی کتاب فتح اسلام میں فرماتے ہیں:۔

"اسلام کے لئے پھر اُس تازگی اور روشنی کا دن آئے گا جو پہلے وقتوں میں آچکا ہے اور وہ آفتاب اپنے پورے کمال کے ساتھ چڑھے گا جیسا کہ پہلے چڑھ چکا ہے لیکن ابھی ایسا نہیں ضرور ہے کہ آسمان اُسے چڑھنے سے روکے رہے جب تک کہ محنت اور جانفشانی سے ہمارے جگر خون نہ ہو جائیں اور ہم سارے آراموں کو اس کے ظہور کے لئے کھو دیں اور اعزاز اسلام کے لئے ساری ذلتیں قبول نہ کریں۔ اسلام کا زندہ ہونا ہم سے ایک فدیہ مانگتا ہے وہ کیا ہے ہمارا اُسی راہ میں مرنا"

(فتح اسلام صفحہ ۱۰)

پس آپ دعاؤں۔ قربانیوں۔ محنت اور جانفشانی سے اُس دن کو قریب لانے کی سعی فرماویں۔ جب خدا کی یہ تقدیر پوری ہو۔

ہم نے لوگوں کو اسلام کی طرف بلانا ہے۔ دلائل اور نیک نمونہ سے۔ مذہب کی اشاعت کے لئے کسی تشدد اور جبر کی ضرورت نہیں دلوں میں ایمان کا بیج بونے کے لئے نیک تبدیلی کے لئے سختی کی نہیں نرمی۔ محبت اور دعاؤں کی ضرورت ہے اور دعوت اسلام کے لئے قرآن نے ہمیں ایک بنیادی ہدایت دی ہے اللہ تعالیٰ اپنے پاک کلام میں فرماتا ہے

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ۔ (النحل آیت ۱۲۵)

کہ اپنے رب کی راہ کی طرف دانائی سے بلاؤ۔ اُس کے احکام کی فلاسفی لوگوں کو بتلاؤ اور اس طرح نصیحت کرو کہ لوگوں کے دل تمہاری موعظت کی طرف مائل ہوں احسن طور پر خدا کا پیغام پہنچاؤ۔ شیریں کلامی اور دلائل جب ان کے ساتھ اچھے اخلاق ہوں اثر پیدا کئے بغیر نہیں رہتے۔

آپ خاص طور پر بدھوں میں تبلیغ کیطرف توجہ کریں۔ انہیں اسلامی نجات کی فلاسفی اور اُس کی اعلیٰ تعلیم سے آگاہ کریں ابھی تک بدھوں میں تبلیغ کی طرف ہم نے توجہ نہیں کی اسلام کی تعلیم عالمگیر اہم گیر اور آفاقی ہے پھر کوئی وجہ نہیں کہ اپنے بدھ بھائیوں کیطرف ہم توجہ نہ کریں اگر ہم انہیں یہ باور کرا سکیں کہ روح کی شانتی اور خدا کا قرب اب صرف اسلام میں ہی ہے تو انشاء اللہ وہ لوگ بھی اسلام کی طرف توجہ کریں گے۔ اللہ تعالیٰ سے میری دعا ہے کہ وہ آپ پر اپنے فضلوں کی بارش نازل فرمائے۔ آپ کی ساعی میں برکت عطا فرمائے۔ آپ میں باہم الفت اور مودت پیدا فرمائے جس کی طرف کشتی نوح میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے توجہ دلائی ہے۔ ایک دوسروں کے قصوروں اور کوتاہیوں کو معاف کرو۔ سچے ہو کر جھوٹوں کی طرح تذلل کرو۔ نفس کی فربہی چھوڑ دو۔ اور ایسے ہو جاؤ جیسے ایک ماں کے پیٹ سے نکلے ہوئے دو بھائی۔

خدا کرے آپ اور ہم سب حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے آقا حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم پر عمل کرنیوالے ہوں۔ آمین یا رب العالمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع

ضروری اعلان برائے

کارکنات جلسہ گاہ

کارکنات جلسہ گاہ کی پہلی حاضری ۲۳ دسمبر ۱۹۸۲ء ۳ بجے سہ پہر جلسہ گاہ میں ہوگی اور دوسری حاضری ۲۵ دسمبر صبح دس بجے جلسہ گاہ میں ہوگی۔ پہلی حاضری میں غیر حاضر رہنے والی خاتون اور بچی کو ڈیوٹی نہیں دی جائیگی ان کی جگہ نئی کارکنات کا تقرر کیا جائے گا۔

(منتظمہ جلسہ گاہ)

• مکرم گیانی عباد اللہ صاحب منیجر الفضل کئی روز سے صاحب فراش ہیں۔ احباب سے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔ (عبدالماجد خوشنویس)

• میرے بیٹے حمید انور کا دل کا آپریشن لندن میں ہونے والا ہے احباب سے دعاؤں کی درخواست ہے۔ (مسعود احمد خورشید۔ کراچی)

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبدالحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

سپین میں وقف عارضی کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی سکیم

(مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی وکیل التبشیر تحریک جدید ربوہ)

سات سو سال کے وقفہ کے بعد سپین میں مسجد کی تعمیر اللہ تعالیٰ کا عظیم فضل و احسان ہے یہ خدا تعالیٰ کی ایک تقدیر ہے جو ہماری اس طرف راہنمائی کرتی ہے کہ یہ سرزمین ایک بار پھر خدا تعالیٰ کے نور سے منور ہوگی۔ اہلِ سپین کے قلوب اسلام کی جانب مائل ہونگے۔ انشاء اللہ العزیز۔

مسجد کی تعمیر تو ایک نکتۂ آغاز ہے خدائی تقدیر کا۔ مسجد کے قیام سے ہم نے اُن ذمہ داریوں کو قبول کیا ہے۔ جو مسجد کے قیام سے عائد ہوتی ہیں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اس ذمہ داری کی طرف نشاندہی فرمائی جب آپ نے فرمایا کہ ہر احمدی کے دل میں یہ تڑپ ہونی چاہیئے کہ جلد از جلد مسجد نمازیوں سے بھر جائے یہاں تک کہ اس کی چار دیواری کے اندر نمازی نہ سما سکیں۔ اور جلد اور مسجدیں تعمیر کرنے کی ضرورت پیش آئے۔

اور یہ تبھی ہوسکتا ہے جب اللہ تعالےٰ مسجدوں کو آباد کرنے والے نمازی عطا فرمائے ایسے نمازی جو عباد الرحمان ہوں اور یہ بجز تبلیغ اور دعاء ممکن نہیں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس غرض کے لیے جماعت کے سامنے جو منصوبہ رکھا۔ اس کی اہمیت اور شرف کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

"سپین کی رُوحانی فتح کے لیے جو منصوبہ مجھے اللہ تعالیٰ نے سمجھایا ہے اس کے مطابق اتنے بڑے ملک میں اسلام پھیلانے کے لیے دو تین یا تین سو مبلغ بھی کافی نہیں۔ محض ایک مسجد بنا دینا اور یہ خیال کر لینا کہ سپین فتح کر لیا گیا ہے۔ ایک بچگانہ یا رومنٹک خیال تو ہو سکتا ہے لیکن اسکا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں مسجدیں تو اب بھی ہزاروں کی تعداد میں سپین میں موجود ہیں۔ جو نمازیوں کو بلا رہی ہیں مسجدیں تو عباد الرحمٰن سے آباد ہوتی ہیں۔ جو خدا کے حضور جھکنے والے آنسو بہانے والے ہوتے ہیں اور جن کے دل اللہ تعالیٰ کی خشیت سے پارہ پارہ ہو جاتے ہیں۔

اس لیے منصوبہ یہ ہے کہ ایسے لوگ تیار ہوں جو ہر سال اپنے خرچ پر چھٹیاں گزارنے سپین جائیں۔ لوگ تو تفریح کرنے سپین جاتے ہیں۔ مگر یہ لوگ اس لیے جائیں تاکہ سپین کی سرزمین کو اسلام کے لیے فتح کر سکیں اور وہاں جا کر تعلقات قائم کریں اور تبلیغ کریں۔"

(الفضل ۲۳ نومبر ۱۹۸۲ء صـ۲)

حضور کی اس سکیم پر یورپ کے احمدیوں نے کثرت سے لبیک کہا ہے۔ اس مقصد کے لیے وہ زبان سیکھ رہے ہیں۔ تبلیغی کیسٹ بھی سپین کی زبان میں تیار کئے جا رہے ہیں جو سوال و جواب کی صورت میں ہونگے۔ مختلف ملکوں کے لیے علاقے مقرر کر دیئے جائیں گے۔ تاکہ تبلیغ میں مسابقت کی روح پیدا ہو۔

وقف عارضی کی اس سکیم کا ذکر فرماتے ہوئے حضور ایدہ اللہ نے لجنہ اماء اللہ مرکزیہ اور لجنہ اماء اللہ ربوہ کے مشترکہ استقبالیہ میں فرمایا۔

"سپین کی سرزمین ہزاروں لاکھوں احمدی عورتوں کی منتظر ہے کہ وہ احمدی بیٹیوں کو جوش دلائیں کہ وہ روحانی لحاظ سے ایسی طاقت بن جائیں کہ ساری دنیا پر چھا جائیں۔ ماؤں بہنوں اور بیٹیوں نے اس میں اپنا جو کردار ادا کرنا ہے آپ اسے سمجھیں۔"

سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے حضور نے فرمایا:

"احمدی خواتین بھی جنکو توفیق ملے وہ اپنے بھائیوں اور بچوں اور خاوندوں کے ساتھ جائیں اور اس اہم مہم میں حصہ لیں۔

(الفضل ۲۳ نومبر ۱۹۸۲ء)

حضور کے اس ارشاد کی تعمیل میں مخلصین سپین کے لیے اپنے نام پیش کر رہے ہیں جو اپنے خرچ پر وہاں جا کر مرکز کی ہدایات کے تحت تبلیغ کا فریضہ سرانجام دیں گے۔

اس ضمن میں ایک ضروری ہدایت یہ ہے کہ نام پیش کرنیوالے احباب اسی وقت سے سپینش زبان سیکھنے کی تیاری شروع کر دیں عارضی وقف کرنے والے جو احباب اپنے مافی الضمیر کا اظہار ہسپانوی زبان میں نہیں کر سکتے وہ اپنے ساتھ کیسٹ لے جائیں گے جن کی مدد سے وہ اپنے مقررہ علاقے میں تبلیغ کر سکیں گے ان کیسٹوں کے ذریعہ سوال و جواب کے اسلوب پر دلچسپ پیرایہ میں اسلام کی تعلیم سے روشناس کرایا جائیگا

یورپ میں بسنے والے احمدیوں نے حضور کی اس تحریک پر کثرت سے اپنے نام پیش کئے ہیں۔ اس سکیم کو کامیاب بنانے کے لیے حضور کی آواز پر لبیک کہنے کے لیے میں ذی استطاعت مخلصین سے پُرزور اپیل کرتا ہوں کہ عارضی وقف برائے سپین کے لیے اپنے نام پیش کریں۔ نام پیش کرنے والے احباب اس غرض کے لیے مندرجہ ذیل کوائف سے بھی وکالت تبشیر کو آگاہ فرمائیں۔

نام۔ پتہ۔ تعلیم۔ کونسی زبان جانتے ہیں۔ وقف کی مدت۔ کب جا سکتے ہیں۔

دفتر کی منظوری کے بعد مرکز کی ہدایات اور راہنمائی میں آپ سپین میں تبلیغ کرینگے۔ میں امید کرتا ہوں کہ پاکستان میں بسنے والے مخلصین دوسری تحریکات کی طرح اس تحریک پر بھی لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھیں گے اور اپنے ناموں سے وکالت تبشیر تحریک جدید کو اطلاع دینگے۔

والاجر من عند اللہ۔

قاب قوسین بھی اک تیری شان ہے

عالم قدسیاں تجھ پہ قربان ہے
مصطفیٰ مجتبیٰ تیری کیا شان ہے
تو ہی ہے وجہ تخلیق کل کائنات
سب سے اعلیٰ و افضل تیری شان ہے
تیری پرواز تا سدرۃ المنتہیٰ
قاب قوسین بھی اک تیری شان ہے
تجھ کو کامل شریعت عطا کی گئی
تجھ پہ نازل ہوا پیارا قرآن ہے
لیلۃ القدر جس کے وسیلے ملے
رحمتوں کا مہینہ وہ رمضان ہے
جس کا ایمان ہے پنج ارکان پر
تیرا فرمان ہے وہ مسلمان ہے
تیرے گن گائے گا کو بہ کو، سو بہ سو
طاہر خستہ میں جب تلک جان ہے

(میر مبشر احمد طاہر آف پسرور حال ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلانِ سالِ نو تحریک جدید ۴۹/۳۹/۸

پر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے بصیرت افروز خطبہ جمعہ کے اہم نکات

۱۔ تحریکِ جدید کے دفتر اول کو ہمیشہ زندہ رکھا جائے۔
۲۔ دفتر دوم کے مجاہدین کے ناموں کو بھی مٹنے نہ دیا جائے۔
۳۔ مرحوم بزرگوں کی طرف سے چندہ لکھوا کر ان کی قربانیوں کو تازہ رکھا جائے۔
۴۔ دفتر سوم کے فروغ کے لئے لجنات خصوصی کوشش کریں۔
۵۔ دفتر اول کو ہمیشہ زندہ رکھنے مہم میں خدام الاحمدیہ خصوصی تعاون کریں
۶۔ دفتر دوم کے فروغ کے لئے انصار اللہ خصوصی تعاون کریں۔
۷۔ ذیلی تنظیموں میں مسابقۃ الی الخیرات کا ایک حسین منظر دیکھنے میں آئے۔
۸۔ اللہ تعالےٰ کے حضور عاجزانہ دعائیں کرتے ہوئے لبیک اللھم لبیک کہنے کی سعادت پائیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انفاسِ قدسیہ

حضرت اقدس کی کتاب کا خلاصہ۔ حضور ہی کے الفاظ میں

(مکرم عطاء الرحمان صاحب محمود - ربوہ)

۱- یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تین تقریروں کا مجموعہ ہے۔ جو آپؑ نے ۱۸۹۷ء کے جلسہ سالانہ کے موقع پر قادیان میں ۲۵، ۲۸ اور ۳۰ ستمبر کو بیان فرمائیں۔

۲- یہ تقاریر اصلاحِ نفس، اخلاق فاضلہ کی تعمیر اور جماعت کے مسائل سے واقفیت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ حضور فرماتے ہیں:-

"ایک سیاہ داغ منہ پر نکل کر ایک بڑا فکر پیدا کر دیتا ہے کہ کہیں یہ داغ بڑھتا بڑھتا منہ کو کالا نہ کر دے۔ اسی طرح معصیت کا بھی ایک سیاہ داغ دل پر ہوتا ہے۔ صغائر سبل انگاری سے کبائر ہو جاتے ہیں صغائر وہی داغ چھوٹا ہے جو بڑھ کر آخر کار کل منہ کو سیاہ کر دیتا ہے" ص۳

"پس ہر ایک اپنے اندر غور کرے کہ اس کا اندرونہ کیسا ہے اور اس کی باطنی حالت کیسی ہے اگر ہماری جماعت بھی خدانخواستہ ایسی ہے کہ اس کی زبان پر کچھ ہے اور دل میں کچھ ہے تو پھر خاتمہ بالخیر نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ جب دیکھتا ہے کہ ایک جماعت جو دل سے خالی ہے اور زبانی دعویٰ کرتی ہے وہ غنی ہے وہ پرواہ نہیں کرتا" ص۴

"پس ہمیشہ دیکھنا چاہیے کہ ہم نے تقویٰ وطہارت میں کہاں تک ترقی کرنی ہے اس کا معیار قرآن ہے" ص۵

متقی کے علامات

۱- اللہ تعالیٰ متقی کو مکروہات۔ دنیا سے آزاد کر کے اس کے کاموں کا خود متکفل ہو جاتا ہے ص۵

۲- "غرض برکاتِ تقویٰ میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو ان مصائب سے مخلصی بخشتا ہے جو دینی امور کے خارج ہوں" ص۵

۳- "اللہ تعالیٰ متقی کو خاص طور پر رزق دیتا ہے" ص۶ (یہاں رزق کا ذکر کیا ہے)

۴- متقیوں کو اسی دنیا میں بشارتیں سچے خوابوں کے ذریعہ ملتی ہیں" ص۸

انسان کی نیکیوں کے دو حصے

۱- ایک فرائض یعنی جو ان پر فرض کیا گیا ہو جیسے قرضہ کا اتارنا یا نیکی کے مقابل نیکی" ص۷

۲- "دوسرے نوافل یعنی ایسی نیکی جو اس کے حق سے فاضل ہو جیسے احسان کے مقابل احسان کے علاوہ اور احسان کرنا" ص۷

متقی کی شان

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

"جو شخص میرے ولی کا مقابلہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ مقابلہ کرتا ہے" (الحدیث)

"اب دیکھ لو کہ متقی کی شان کس قدر بلند ہے اور اس کا پایہ کس قدر عالی ہے جس کا قرب خدا کی جناب میں ایسا ہے کہ اس کا سنایا جانا خدا کا سنایا جانا ہے تو خدا اس کا کس قدر معاون و مددگار ہوگا" ص۸

۲- "متقی کے پاس جو آ جاتا ہے وہ بھی بچایا جاتا ہے" ص۸

۳- "تقویٰ کا رعب دوسروں پر بھی پڑتا ہے اور خدا تعالیٰ متقیوں کو ضائع نہیں کرتا" ص۷۲

تقویٰ کے اجزاء

تقویٰ کے بہت سے اجزاء ہیں۔ عجب خود پسندی۔ مالِ حرام سے پرہیز اور بداخلاقی سے بچنا بھی تقویٰ ہے جو شخص اچھے اخلاق ظاہر کرتا ہے اس کے دشمن بھی دوست ہو جاتے ہیں ص۷۴

انسان کے لیے دو جنت

"قرآن کی تعلیم سے پایا جاتا ہے کہ انسان کے لیے دو جنت ہیں جو شخص خدا سے پیار کرتا ہے کیا وہ ایک جلنے والی زندگی میں رہ سکتا ہے؟ جب اس جگہ ایک حاکم کا دوست دنیوی تعلقات میں ایک قسم کی بہشتی زندگی میں ہوتا ہے تو کیوں نہ ان کے لیے دروازہ جنت کا کھلے جو اللہ کے دوست ہیں" ص۹

سو یہ ایک نعمت ہے کہ ولیوں کو خدا کے فرشتے نظر آتے ہیں..... ایک متقی کو آئندہ کی زندگی یہیں دکھائی جاتی ہے انہیں ایسی زندگی میں خدا ملتا ہے۔ نظر آتا ہے اور ان باتیں کرتا ہے۔ سو اگر ایسی صورت کسی کو نصیب نہیں تو اس کا مرنا اور یہاں سے چلے جانا نہایت خراب ہے۔ ایک ولی کا قول ہے کہ جس کو ایک خواب سچا عمر میں نصیب نہیں ہوا اس کا خاتمہ خطرناک ہے" (ص۱۱)

علم کے تین مدارج

۱- علم الیقین" ایک جگہ سے دھواں نکلتا دیکھ کر آگ کا یقین کر لینا" ص۱۲

۲- عین الیقین" خود آنکھ سے آگ کا دیکھنا" ص۱۲

۳- حق الیقین" آگ میں ہاتھ ڈال کر جلن اور حرکت سے یقین کر لینا کہ آگ موجود ہے" ص۱۲

راہِ سلوک میں مبارک قدم دو گروہ ہیں

"ایک دین العجائز والے جو موٹی موٹی باتوں پر قدم مارتے ہیں مثلاً احکام شریعت کے پابند ہو گئے اور نجات پا گئے" ص۱۷

۲- دوسرے وہ جنہوں نے آگے قدم مارا ہرگز نہ رکے اور چلتے گئے حتیٰ کہ منزلِ مقصود تک پہنچ گئے" ص۱۷

"ایک دو گھنٹہ کے بعد بھاگ جانا مجاہد کا کام نہیں بلکہ جان دینے کے لیے تیار رہنا اس کا کام ہے۔ سو متقی کی نشانی استقامت ہے.... کامیابی استقامت پر موقوف ہے اور وہ اللہ کو پہچاننا اور کسی ابتلاء اور زلازل اور امتحان سے نہ ڈرنا ہے ضرور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مورد مخاطبہ و مکالمہ الٰہی انبیاء کی طرح ہوگا" ص۱۸

"ولی بننے کے لیے ابتلاء ضروری ہے ..... جب تک انسان آزمایا نہ جاوے فتن میں نہ ڈالا جاوے وہ کب ولی بن سکتا ہے" ص۱۸

ترقیات کی دو راہیں

صوفیوں نے ترقیات کی دو راہیں لکھی ہیں۔ ایک سلوک دوسرا جذب"

۱- "سلوک وہ ہے جو لوگ آپ عقل مندی سے سوچ کر اللہ و رسولؐ کی راہ اختیار کرتے ہیں" ص۲۰

۲- "اہل جذب کا درجہ سالکوں سے بڑھا ہوا ہے اللہ تعالیٰ انہیں سلوک کے درجہ پر ہی نہیں رکھتا بلکہ خود انکو مصائب میں ڈالتا ہے اور جاذبہ ازلی سے اپنی طرف کھینچتا ہے۔ کل انبیاء مجذوب ہی تھے۔ جس وقت انسانی روح کو مصائب کا مقابلہ ہوتا ہے۔ ان سے فرسودہ کار اور تجربہ کار ہو کر روح چمک اٹھتی ہے" ص۲۰

"رزق سے مراد صرف مال نہیں بلکہ جو کچھ ان کو عطا ہوا۔ علم۔ حکمت۔ طبابت یہ سب کچھ رزق میں ہی شامل ہے" ص۲۵

"ذاتوں کا امتیاز: یہ جو مختلف ذاتیں ہیں۔ یہ کوئی وجہ شرافت نہیں خدا تعالیٰ نے محض عرف کے لیے یہ ذاتیں بنائیں اور آجکل تو صرف بدچار پشتوں کے حقیقی پتہ لگانا ہی مشکل ہے۔ متقی کی شان نہیں کہ ذاتوں کے جھگڑے میں پڑے جب اللہ تعالیٰ نے فیصلہ کر دیا کہ میرے نزدیک ذات کوئی سند نہیں۔ حقیقی معرفت اور عظمت کا باعث لفظ تقویٰ ہے" ص۳۰

"بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم کو کیا کوئی ولی بنا ہے؟ افسوس انہوں نے کچھ قدر نہ کی۔ بے شک انسان نے (خدا) کا ولی بنتا ہے۔ اگر وہ صراطِ مستقیم پر چلے گا تو خدا بھی اس کی طرف چلے گا اور پھر ایک جگہ پر اس کی ملاقات ہوگی اس کی اس طرف حرکت خواہ آہستہ ہوگی لیکن اس کے مقابل پر خدا تعالیٰ کی حرکت بہت جلد ہوگی" ص۳۸

مسیح و مہدی

"مسیح و مہدی کوئی دو الگ اشخاص نہیں ان سے مراد ایک ہی ہے مہدی ہدایت یافتہ سے مراد ہے کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ مسیح مہدی نہیں۔ مہدی مسیح ہو یا نہ ہو۔ لیکن مسیح کے مہدی ہونے سے انکار کرنا مسلمان کا کام نہیں۔ اصل میں اللہ تعالیٰ نے یہ دو الفاظ سب و شتم کے مقابل بطور ذب کے رکھے ہیں کہ وہ کافر ضال۔ مضل نہیں بلکہ مہدی ہے چونکہ اس کے علم میں تھا کہ آنے والے مسیح و مہدی کو دجال و گمراہ کہا جائے گا اس لیے اسے مسیح و مہدی کہا گیا۔ ص۲۲، ۲۳)

مسیح موعودؑ کی علامات

۱- "علامات کل پوری ہو چکی ہیں بڑی علامات یا نشان جو آنے والے کا ہے وہ بخاری شریف میں یکسرِ الصلیب و یقتلِ الخنزیر الخ لکھا ہے یعنی نزول مسیح کا وقت غلبۂ النصاریٰ اور صلیبی مذہب کا زور ہے سو کیا یہ وقت نہیں۔ جو کچھ پادریوں سے نقصان اسلام کو پہنچ چکا ہے اس کی نظیر آدمؑ سے لے کر آج تک کہیں ہے" ص۴۱

۲- آنے والے کا ایک یہ نشان بھی ہے کہ اس زمانہ میں ماہ رمضان میں کسوف و خسوف ہوگا... ..... یہ ایک ایسا نشان تھا کہ جس سے اللہ تعالیٰ کو کل دنیا میں آنے والے کی منادی کرنی تھی۔ .... یہ خدا کا نشان تھا جو انسانی منصوبوں سے بالکل پاک تھا۔ خواہ کیسا ہی فلسفی ہو وہ غور کرے اور سوچے کہ جب مقرر کردہ نشان پورا ہوگا تو ضرور ہے کہ اس کا مصداق بھی کہیں ہو" ص۴۲

۳- ایک اور نشان یہ بھی تھا کہ اس وقت ستارہ ذوالسنین طلوع کرے گا۔ یعنی ان برسوں کا ستارہ جو پہلے گزر چکے ہیں۔ یعنی وہ ستارہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جو مسیح ناصری کے ایام (برسوں) میں طلوع ہوا تھا اب وہ ستارہ بھی طلوع ہو گیا جس نے یہودیوں کے مسیح کی اطلاع آسمانی طور سے دی تھی" ص۴۲

۴۔ "یعنی اس زمانہ میں سواری کا انتظام کوئی ایسا عمدہ ہوگا کہ یہ سواریاں (اونٹنیاں ناقل) بیکار ہو جائیں گی۔ اس سے ریل کا زمانہ مراد تھا" ص۴۲

۵۔ اس زمانہ میں چاروں طرف نہریں نکالی جائیں گی" ص۴۳

۶۔ "کتابیں کثرت سے اشاعت پائیں گی" ص۴۳

۷۔ "حوادث بھی ایک علامت تھی۔ حوادث سماوی نے قحط، طاعون اور ہیضہ کی صورت پکڑی" ص۴۳

مسیح موعودؑ کی جائے ظہور

"اب رہا مکان کے متعلق۔ سو یاد رہے کہ دجال کا خروج مشرق میں بتایا گیا ہے جس سے ہمارا ملک مراد ہے ..... اور یہ ظاہر ہے کہ ظہور مسیح اسی جگہ ہو جہاں دجال ہو۔ پھر اس گاؤں کا نام قدعہ قرار دیا ہے جو قادیان کا مخفف ہے" ص۴۴

"اس کے علاوہ خود قضا و قدر نے اس عاجز کا نام چور رکھوایا ہے تو وہ بھی ایک لطیف اشارہ اس طرف رکھتا ہے کیونکہ غلام احمد قادیانی کے عدد بحساب جمل پورے تیرہ سو نکلتے ہیں۔ یعنی اس نام کا امام چودھویں صدی کے آغاز پر ہوگا" ص۴۴

آسمانی نشان

۱۔ "مامور من اللہ کے لیے یہ بھی ضرور ہے کہ وہ اپنے ثبوت میں آسمانی نشان دکھا دے۔ ایک لیکھرام کا نشان کیا کچھ کم نشان تھا" ص۴۴

۲۔ "دھرم مہوتسو کے متعلق بھی کئی دن پہلے اعلان کیا۔ کہ ہم کو اللہ تعالیٰ نے اطلاع دی ہے کہ ہمارا مضمون سب پر غالب رہے گا جن لوگوں نے اس عظیم الشان اور پر رعب جلسہ کو دیکھا ہے وہ خود غور کر سکتے ہیں کہ ایسے جلسہ میں غلبہ پانے کی خبر پیش از وقت دینی کوئی اٹکل یا قیاس نہ تھا پھر آخر وہی ہوا جیسے کہا گیا" ص۴۴

ہستی باری تعالیٰ

"دیکھو یہ تو بڑی سیدھی اور صاف بات ہے کہ ایک مصنوع کو دیکھ کر صانع کو ماننا پڑتا ہے۔ پھر تعجب پر تعجب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہستی میں کیونکر انکار کی گنجائش ہو سکتی ہے۔ ایسے صانع کے وجود کا کیونکر انکار ہو سکتا ہے جس کے ہزارہا عجائبات سے زمین و آسمان پر ہیں" ص۴۵

نابینائی کی دو قسمیں

"ایک آنکھوں کی نابینائی ہے اور دوسری دل کی۔ آنکھوں کی نابینائی کا اثر ایمان پر کچھ نہیں ہوتا مگر دل کی نابینائی کا اثر ایمان پر پڑتا ہے" ص۴۶

سب سے زیادہ خطرناک وسوسہ آخرت کے متعلق ہے

"شیطان کے وساوس بہت ہیں اور سب سے زیادہ خطرناک وسوسہ اور شبہ جو انسانی دل میں پیدا ہو کر اسے خسر الدنیا والآخرۃ کر دیتا ہے آخرت کے متعلق ہے ..... اور جب انسان آخرت اور اس کی باتوں کو قصہ اور داستان سمجھے تو سمجھ لو کہ وہ رد ہو گیا اور دونوں جہانوں سے گیا گزرا ہوا" ص۴۶

اعمال کی ضرورت

پس سمجھ لو اور خوب سمجھ لو کہ نرا علم و فن اور خشک تعلیم بھی کچھ کام نہیں دے سکتی۔ جب تک کہ عمل اور مجاہدہ اور ریاضت نہ ہو" ص۴۹

اس وقت قلم کی ضرورت ہے

"اس وقت جو ضرورت ہے وہ یقیناً سمجھ لو سیف کی نہیں بلکہ قلم کی ہے۔ ہمارے مخالفین نے اسلام پر جو شبہات وارد کئے ہیں۔ اور مختلف سائنسوں اور مکائد کی رو سے اللہ تعالیٰ کے سچے مذہب پر حملہ کرنا چاہا ہے اس نے مجھے متوجہ کیا ہے کہ میں قلمی اسلحہ پہن کر اس سائنس اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اتروں۔ اور اسلام کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا کرشمہ بھی دکھلاؤں" ص۵۳

"اب زمانہ کے ساتھ حرب کا پہلو بدل گیا ہے اس لئے ضرورت ہے کہ سب سے پہلے اپنے دل اور دماغ سے کام لیں اور نفوس کا تزکیہ کریں اور استغفار اور تقویٰ سے خدا تعالیٰ سے امداد اور فتح چاہیں۔ یہ خدا تعالیٰ کا ایک اٹل قانون اور مستحکم اصول ہے اور اگر مسلمان صرف قیل و قال اور باتوں سے مقابلہ میں کامیابی اور فتح پانا چاہیں تو یہ ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ لاف و گزاف اور لفظوں کو نہیں چاہتا۔ وہ تو حقیقی تقویٰ کو چاہتا اور سچی طہارت کو پسند فرماتا ہے" ص۵۴

قرآن اور دوسری کتابوں کا امتیاز

"قرآن کریم میں تاکید ہے کہ عقل، فہم، تدبر، حقانیت اور ایمان سے کام لیا جائے اور قرآن مجید اور دوسری کتابوں میں یہی مابہ الامتیاز ہے اور کسی کتاب نے اپنی تعلیم کو عقل، تدبر کی رقیق اور آزاد نکتہ چینی کے آگے ڈالنے کی جرأت ہی نہیں کی"

ضرورتِ الہام

"ہر ایک آدمی چونکہ عقل سے مدارج یقین پر نہیں پہنچ سکتا اس لئے الہام کی ضرورت پڑتی ہے جو تاریکی میں عقل کیلئے ایک روشن چراغ ہو کر مدد دیتا ہے ..... یہ خوب یاد رکھو کہ الہام کی ضرورت قلبی اطمینان اور دلی استقامت کے لئے اشد ضروری ہے۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ سب سے پہلے عقل سے کام لو اور یہ یاد رکھو کہ جو عقل سے کام لے گا۔ اسلام کا خدا اسے ضرور ہی نظر آ جائے گا۔ کیونکہ درختوں کے پتے پتے پر اور آسمان کے اجرام پر اس کا نام بڑے جلی حرفوں میں لکھا ہوا ہے۔ لیکن بالکل نہ عقل کے تابع بن جاؤ تاکہ الہام الٰہی کی قیمت کو نہ کھو بیٹھو جس کے بغیر نہ حقیقی تسلی اور نہ اخلاق فاضلہ نصیب ہو سکتے ہیں" ص۵۵

فلاحِ دارین کے حصول کا طریق

"اگر تم چاہتے ہو کہ تمہیں فلاح دارین حاصل ہو اور لوگوں کے دلوں پر فتح پاؤ تو پاکیزگی اختیار کرو۔ عقل سے کام لو اور کلام الٰہی کی ہدایات پر چلو۔ خود اپنے تئیں سنوارو اور دوسروں کو اپنے اخلاق فاضلہ کا نمونہ دکھاؤ تب البتہ کامیاب ہو جاؤ گے ..... پس پہلے دل پیدا کرو۔ اگر دلوں پر اثر اندازی چاہتے ہو تو عملی طاقت پیدا کرو۔ کیونکہ عمل کے بغیر قولی طاقت اور انسانی قوت کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتی" ص۶۱

"تم میری بات سن رکھو اور خوب یاد کر لو کہ اگر انسان کی گفتگو سچے دل سے نہ ہو اور عملی طاقت اس میں نہ ہو تو وہ اثر پذیر نہیں ہوتی" ص۶۱

علوم جدیدہ کی ماہیت اور کیفیت سے آگاہی حاصل کرو

..... "پس ضرورت ہے کہ آج کل دین کی خدمت اور اعلائے کلمۃ اللہ کی غرض سے علوم جدیدہ حاصل کرو اور بڑے جدوجہد سے حاصل کرو۔ لیکن مجھے یہ بھی تجربہ ہے جو بطور انتباہ میں بیان کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ جو لوگ ان علوم ہی پر یکطرفہ پڑ گئے اور ایسے محو اور منہمک ہوئے کہ کسی اہل دل اور اہل ذکر کے پاس بیٹھنے کا ان کو موقعہ نہ ملا۔ اور وہ خود اپنے اور الٰہی نور نہ رکھتے تھے وہ عموماً ٹھوکر کھا گئے اور اسلام سے دور جا پڑے اور بجائے اس کے کہ ان علوم کو اسلام کے تابع کرتے الٹا اسلام کو علوم کے ماتحت کرنے کی بے سود کوشش کر کے اپنے زعم میں دینی اور قومی خدمات کے متکفل بن گئے۔ مگر یاد رکھو کہ یہ کام وہی کر سکتا ہے یعنی دینی خدمت وہی بجا لا سکتا ہے۔ جو آسمانی روشنی اپنے اندر رکھتا ہو" ص۶۳

تعلیم و تربیت دینی بچپن میں ہو

"یہ بات بھی غور کرنے کے قابل ہے کہ دینی علوم کی تحصیل کے لئے طفولیت کا زمانہ بہت ہی مناسب اور موزون ہے۔ جب داڑھی نکل آئی تب ضَرَبَ یَضْرِبُ یاد کرنے بیٹھے تو کیا خاک ہوگا۔ طفولیت کا حافظہ تیز ہوتا ہے" ص۶۳

"اگر مسلمان پورے طور پر اپنے بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ نہ کریں گے تو میری بات سن رکھیں تو ایک وقت ان کے ہاتھ سے بچے بھی جاتے رہیں گے" ص۶۴

مسلمان کون ہے

"مسلمان وہی ہے جو اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ کا مصداق ہو گیا ہو ..... پس جس نے ساری طاقتیں اللہ کے حضور رکھ دی ہوں۔ وہی سچا مسلمان کہلانے کا مستحق ہے" ص۶۹

قرآن مجید کا بے نظیر ہونا

مجھے حیرت ہوتی ہے جب بعض نادان حریری یا سبع معلقہ کو بے نظیر اور بے مثل کہتے ہیں اور اس طرح پر قرآن کریم کی بے مانندیت پر حملہ کرنا چاہتے ہیں وہ اتنا نہیں سمجھتے کہ اول تو حریری کے مصنف نے کہیں اس کے بے نظیر ہونے کا دعوےٰ نہیں کیا اور دوم یہ کہ مصنف حریری خود قرآن کریم کی اعجازی فصاحت کا قائل تھا ..... مندرجہ بالا کتابیں حق اور حکمت سے خالی ہیں۔ اعجاز کی خوبی اور وجہ تو یہی ہے کہ ہر ایک قسم کی رعایت کو زیر نظر رکھے فصاحت اور بلاغت بھی ہاتھ سے جانے نہ دے۔ اور صداقت اور حکمت کو بھی نہ چھوڑے۔ یہ معجزہ صرف قرآن شریف کا ہی ہے" ص۷۷، ۷۸

قرآن اور توریت کی تعلیم میں فرق

"قرآن شریف نے دلائل پیش کئے ہیں۔ جن کو توریت نے مس تک نہیں کیا" ص۸۱

۲۔ "توریت نے صرف بنی اسرائیل کو مخاطب کیا ہے ..... بخلاف اس کے قرآن شریف کے مخاطب چونکہ کل ملل اور فرقے تھے اور اس پر پہنچ کر تمام ضرورتیں ختم ہو گئی تھیں اس لئے قرآن کریم نے عقائد کو بھی اور احکام عملی کو بھی مدلل (طور پر بیان) کیا" ص۸۱

۳۔ "توریت اور قرآن میں یہ بھی ایک فرق عظیم ہے کہ قرآن جسمانی اور روحانی خوارق ہر قسم کے اپنے اندر رکھتا ہے" ص۸۲

اعتراض کرتے وقت دو امر مدنظر رکھو

"اول خدا کا خوف (اور اس کی لامحدود طاقت) دوسرے (انسان کی نیستی اور محدود علم)" ص۸۵

(باقی)

درخواست دعا

● میرے برادر محترم مرزا محمد سعید بیگ صاحب پتوکی کا صاحبزادہ مرزا نسیم بیگ عرصہ چار روز سے بخار کی وجہ سے بیمار ہے (احباب جماعت سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ اس کو جلد سے جلد شفا دے) آمین

(رانا مبارک احمد ـــــ لاہور)

● خاکسار کی والدہ عرصہ تین ماہ سے بیمار ہے دائیں ٹانگ میں سخت درد ہے۔ کافی علاج کروانے کے باوجود ابھی افاقہ نہیں۔ مخلصین جماعت سے دردِ دل سے دعا کی درخواست ہے

(نثار احمد غوری نیشنل بنک آف پاکستان۔ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ارشادات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ العزیز بنصرہ

بابت چندہ تحریک جدید

اقتباسات از خطبہ جمعہ فرمودہ ۵ نبوت بمطابق ۵ نومبر ۱۹۸۲ء

۱۔ تحریک جدید کے آغاز کو آج ۴۸ سال گزر چکے ہیں اور اب ہم ۴۹ ویں سال میں داخل ہو رہے ہیں۔

۲۔ دفتر اول میں حصہ لینے والوں کی تعداد جہاں تک زندہ لوگوں کا تعلق ہے وہ گر کر دو ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ لیکن تحریک جدید نے اس بات کو نظر انداز کر دیا کہ ان میں سے بہت سے ایسے ہیں جو مرنے کے باوجود چندہ ادا کر رہے ہیں۔ کیونکہ ان کی نسلیں ان کی طرف سے دے رہی ہیں۔

۳۔ دفتر اول کی از سر نو ترتیب کرنی پڑے گی۔ میری خواہش یہ ہے کہ یہ دفتر قیامت تک جاری رہے اور جو لوگ ایک دفعہ اسلام کی ایک مثالی خدمت کر چکے ہیں ان کا نام قیامت تک نہ مٹنے پائے اور ان کی اولادیں ہمیشہ ان کی طرف سے چندے دیتی رہیں۔

دفتر دوم

۴۔ اس دفتر والوں کو میں یہ نصیحت کرتا ہوں کہ جو دوست فوت ہو چکے ہیں۔ دفتر دوم کی آئندہ نسلیں ان کے نام کو زندہ رکھنے کی خاطر یہ عہد کریں کہ کوئی فوت شدہ اس لسٹ سے غائب نہ ہونے دیا جائے اور ان کی قربانیاں جاری رہیں گی۔

۵۔ دفتر سوم میں شامل ہونے والوں کی تعداد ۴۰۔۰۰ ہزار بھی ہو جاتی تو مجھے تعجب نہ ہوتا پس معلوم ہوتا ہے کہ دفتر سوم کی طرف غفلت کی گئی ہے۔

۶۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ تحریک جدید نے بیرونی آمد کو بڑھتا ہوا دیکھ کر یہ سمجھ لیا ہے کہ اب تحریک جدید کے چندے کی طرف توجہ کی ضرورت نہیں اور یہ ایک بہت بڑی غلطی ہے۔

۷۔ میں امید رکھتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت کا بگڑا ہوا توازن ہے وہ درست اور برقرار ہو جائے گا اور بیرونی دنیا کی تحریک جدید کی قربانی بھی پاکستان کی قربانی کے مطابق ہو جائے گی۔ لیکن خود پاکستان میں ابھی بڑی گنجائش موجود ہے۔

۸۔ میرا جائزہ یہ ہے کہ یہاں بھی دفتر سوم میں بڑی بھاری گنجائش موجود ہے۔ یہ کام میں لجنہ اماء اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ کیونکہ اس سے پہلے دو دفتروں میں سے ایک دفتر یعنی دفتر اول خدام الاحمدیہ کی خصوصی تحویل میں دے دیا گیا۔
ان معنوں میں کہ وہ چندوں کی طرف خصوصی توجہ کریں۔ دفتر دوم انصار اللہ کے سپرد کیا گیا کہ وہ اس طرف توجہ کریں۔

۹۔ آپ قوم ہیں آپ کو اپنا وقار اور اپنا مقام قائم رکھنے کے لئے قربانیوں میں لازماً آگے بڑھنا ہوگا۔ اس طرح سے خدا تعالیٰ کے فضل سے فاستبقوا الخیرات کا ایک بہت ہی حسین منظر ہمارے سامنے آجائے گا۔

۱۰۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم دنیا کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کے مطابق ہر آن بڑھتی ہوئی قربانی پیش کرتے رہیں۔ خدمت کے نئے نئے میدان ظاہر ہو رہے ہیں۔ اور بڑی تیزی کے ساتھ پھیل رہے ہیں۔ اور دنیا کی طرف سے آپ کو بڑی کثرت کے ساتھ بلاوا دیا جا رہا ہے۔

۱۱۔ ساری دنیا کے تقاضے آپ نے ہی پورے کرنے ہیں۔
پس دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ان پھیلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق ہمیں بڑھنے اور لبیک لبیک اور اللھم لبیک کہنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان)

امراء و صدر صاحبان توجہ فرمائیں

امراء صاحبان و صدر صاحبان کو لجنہ اماء اللہ کی بابت فہرستیں برائے تصدیق بھجوائی گئی تھیں۔ ان کی بابت بہت کم رپورٹیں موصول ہوئی ہیں۔ آپ فوری طور پر مطلوبہ رپورٹ بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ تاکید ہے۔ (ناظر اصلاح وارشاد ربوہ)

آپ کا فرض

جلسہ سالانہ کے ایام میں بعض اوقات احباب کی کئی چیزیں تبدیل ہو جاتی ہیں یا گم ہو جاتی ہیں اس صورت میں آپ کا فرض ہے کہ:۔

- فوری طور پر دفتر معلومات سے رابطہ قائم فرمائیں۔
- اسی طرح کوئی گری پڑی چیز ملے تو فوراً دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔

احتیاطاً:۔

۱۔ اپنی نقدی، زیورات یا دیگر قیمتی اشیاء کی ہر وقت حفاظت کریں۔
۲۔ اپنے کمسن بچوں کی جیب میں شناختی کارڈ ڈالے رکھیں جس پر بچے کا نام اور ربوہ میں رہائش کا پتہ درج ہو۔ ایسا مطبوعہ کارڈ دفتر معلومات دفتر لجنہ اور نظامت خدمت اڈہ بس و سٹیشن سے بھی مل سکتا ہے۔
۳۔ وضو کرتے وقت اپنی گھڑیوں، بٹوؤں اور کوٹ کمبل وغیرہ کی خصوصاً حفاظت کریں، کسی کے سپرد کر دیں یا اپنی نگاہ کے سامنے رکھیں۔

یاد رہے کہ دفتر معلومات ۲۲ دسمبر سے آپ کی خدمت کے لئے وفاتر جلسہ سالانہ کے نزدیک دن رات کھلا رہے گا۔ انشاء اللہ۔

(ناظم معلومات، گمشدہ اشیاء و فوری امداد)

"خالد و تشحیذ" کے خریداران کیلئے خصوصی رعایت

محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے ایسے پرانے خریداران ماہنامہ خالد و ماہنامہ تشحیذ الاذہان کے لئے چندہ خریداری پرانی شرح کے مطابق ادا کرنے کی رعایت دی ہے جو جلسہ سالانہ کے ایام میں (۲۲ دسمبر ۸۲ء تا ۳۱ دسمبر ۸۲ء) چندہ کی ادائیگی فرمائیں گے یعنی ۱۹۸۲ء کے سالانہ کے حساب سے ہی ان سے چندہ وصول کیا جائے گا۔ خریداران سے درخواست ہے کہ وہ خصوصی رعایت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جلسہ سالانہ کے موقع پر دفتر خالد و تشحیذ میں چندہ جمع کروا کر ممنون فرمائیں۔ یہ رعایت صرف پرانے خریداروں کے لئے ہے اس لئے خریداری نمبر یا ماہ نومبر دسمبر ۸۲ء کے رسائل جو خریداران کو بھجوائے جا چکے ہیں ان کے ریپر ہمراہ لائیں ریپر پر ان کا خریداری نمبر اور مدت خریداری درج ہے۔

نوٹ: نئی خریداری نئی شرح کے مطابق ہوگی۔

(منیجر ماہنامہ خالد و تشحیذ۔ ربوہ)

ماہنامہ خالد ربوہ — نومبر دسمبر ۱۹۸۲ء

مورخہ ۱۱ دسمبر ۱۹۸۲ء کو خریداران و ایجنٹ صاحبان کو بھجوایا جا چکا ہے جن خریداران کو نہ ملے وہ جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر خالد سے حاصل کر لیں۔

(منیجر خالد ربوہ)

مجالس انصار اللہ

زعماء مجالس عشرہ اصلاح وارشاد کی رپورٹ جلدی بھجوائیں نیز جلسہ سالانہ پر زیادہ سے زیادہ دوستوں کو ہمراہ لاویں۔

(قیادت اصلاح وارشاد مرکزیہ۔ ربوہ)

درخواست ہائے دعا

ہمارے محلہ دار العلوم وسطی کے مخلص خادم اور منتظم اطفال راشد جاوید صاحب ۱۳ دسمبر کو پہاڑی سے اچانک گرنے کی وجہ سے شدید زخمی ہو گئے ہیں قارئین الفضل کی خدمت میں ان کی کامل صحت کے لئے دعا کی درخواست ہے

(زعیم مجلس خدام الاحمدیہ دار العلوم وسطی ربوہ)

- میرا لڑکا سلیم احمد حیات مع اہل و عیال امریکہ سے پاکستان ۲۰ دسمبر کو پہنچ رہا ہے۔ اس کی بخیر و عافیت آمد و مراجعت کے لئے احباب کرام دعا کریں۔ (ملک عبد الحفیظ سلطانپور لاہور)

معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ

جملہ ناظمین و معاونین جلسہ سالانہ کی خدمت میں گذارش ہے کہ مہربانی فرما کر ۲۲ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز بدھ بوقت ۳ بجے شام احاطہ دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لے آئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ انتظامات جلسہ سالانہ کا معائنہ ہوگا۔

(افسر جلسہ سالانہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ کے ایام میں ۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر ۸۲ء

خریدار و ایجنٹ صاحبان

ماہنامہ خالد اور ماہنامہ تشحیذ الاذہان

صرف پرانے خریدار

سالانہ نمبر حاصل کریں

سالانہ چندہ خریداری پرانی شرح سے ادا کریں

کسی ماہ کا رسالہ نہ ملا ہو تو حاصل کرلیں

اپنے چندہ خریداری کا حساب چیک فرمائیں

اپنے پتہ کی تسلی کرلیں

اپنے دوستوں کو خریداری کی ترغیب دیکر ہماری مدد فرمائیں

براہ کرم اپنا مکمل پتہ اور خریداری نمبر ضرور ہمراہ لائیں

نئی خریداری نئی شرح سے فروری ۸۳ء سے ہوگی (مینیجر)

مہمانانِ کرام اور اہالیانِ ربوہ کی خدمت میں

ایک ضروری گذارش

آئندہ کچھ دنوں تک انشاء اللہ تعالیٰ جلسہ سالانہ کے مہمانوں کی آمد شروع ہو جائے گی اور ربوہ کی بجلی کی ضرورت پہلے سے کئی گناہ بڑھ جائے گی۔ گھروں میں۔ اداروں میں بھی اور جلسہ سالانہ کے انتظامات مثلاً لنگروں وغیرہ میں بھی۔

ان امور کے پیش نظر اہالیانِ ربوہ اور مہمانوں کی خدمت میں گذارش ہے کہ بجلی کے استعمال میں ہر ممکن احتیاط کریں۔ اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔

۱۔ کم از کم بلب جلائے جائیں بلا ضرورت بلب جلتا نہ رہنے دیا جائے۔
۲۔ گھروں دوکانوں اور اداروں میں ۴۰ واٹ سے بڑے بلب استعمال نہ کئے جائیں۔
۳۔ بجلی کے ہیٹر کے استعمال سے حتی الوسع اجتناب کیا جائے اس کی بجائے کوئلہ یا لکڑی استعمال کریں
۴۔ گھروں میں لالٹینوں اور موم بتی کا انتظام کر لیا جائے جو بجلی بند ہونے کی صورت میں استعمال کیا جا سکے۔
۵۔ دوکاندار حضرات فروخت کیلئے مٹی کا تیل اور موم بتی کا وافر سٹاک رکھیں۔
۶۔ دوکاندار حضرات اپنی دوکانوں کیلئے کیس لیمپ مہیا کریں۔
۷۔ جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب احتیاطاً اپنے ساتھ ٹارچ لیتے آئیں۔
۸۔ آرائشی روشنیاں حتی الوسع نہ لگائی جائیں۔
۹۔ ربوہ اور گردونواح کے ٹیوب ویل غیر ضروری طور پر استعمال نہ کئے جائیں۔

(ناظم روشنی جلسہ سالانہ ربوہ)

دفتر معلومات و گمشدہ اشیاء

جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر معلومات و گمشدہ اشیاء آپ کی خدمت، سہولت اور راہنمائی کے لئے دن رات کھلا رہتا ہے کسی بچہ کے اِدھر اُدھر ہو جانے یا کسی قیمتی چیز کے لاپتہ ہو جانے پر فوراً دفتر معلومات تشریف لائیں اسی طرح کسی گری پڑی چیز کے ملنے یا پریشان حال بچہ دیکھنے پر اسے بحفاظت دفتر معلومات پہنچا دیں۔

• بچوں اور دوسری قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں خصوصاً وضو کرتے وقت یا نمازوں کے اوقات میں کوٹ و کمبل وغیرہ یا گھڑی زیور وغیرہ کو اپنی نگاہ میں رکھیں یا کسی کے سپرد کریں۔

(ناظم معلومات، فوری امداد و گمشدہ اشیاء)

ضروری اعلان

جملہ جماعتِ احمدیہ پاکستان کے امراء و سیکرٹریان مال کی خدمت میں گذارش ہے کہ وقفِ جدید کا سال ختم ہونے میں بہت تھوڑا وقت باقی ہے۔ براہ کرم درج ذیل امور کی طرف فوری توجہ دیں۔

۱۔ وقفِ جدید کی جملہ مدات کے چندوں کی ادائیگی کی سو فیصد وصولی کے لیے احباب جماعت سے فوری رابطہ فرمائیں اور وقف جدید کی وصول شدہ رقوم خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں فوراً جمع کرائیں۔ تفصیل کی ایک نقل براہ راست دفتر وقف جدید کو بھی ارسال فرمائیں۔ جزاکم اللہ
۲۔ والدین اپنا چندہ وقف جدید ادا کرتے ہوئے اگر کہیں کہ اس میں ان کے بچوں کا چندہ بھی شامل ہے تو بچوں کی رقوم رسید میں الگ لکھی جائیں۔ (ناظم مال وقفِ جدید ربوہ)

لجنات توجہ کریں

• محترمہ سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ مدظلہا العالی صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ

جلسہ سالانہ کے مبارک دن قریب آ رہے ہیں بہنیں جلسہ پر آنے کی تیاری کر رہی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو خیریت سے لائے اور جلسہ میں شامل ہونے اور تقاریر سننے کا موقع دے۔

سارا سال بڑی محنت سے علماء تقاریر تیار کرتے ہیں۔ بہنیں بھی جو تقریر کرتی ہیں بہت محنت سے کرتی ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی چار تقریریں ہوں گی۔ لیکن بہت سی بہنیں بجائے تقریریں سننے کے اپنا وقت ایک دوسرے سے ملنے اور باتیں کرنے میں گذارتی ہیں۔ سارا سال ان مبارک ایام کا انتظار کرنے کے بعد جب وہ دن آتے ہیں تو انہیں آپ ضائع کر دیتی ہیں تمام جماعتوں کے پریذیڈنٹ صاحبان مربیان اور لجنات کی صدروں سے التماس ہے کہ وہ آنے والیوں کو سمجھائیں کہ:۔

۱:۔ اپنا وقت ضائع نہ کریں ایک ایک لفظ سننے کی کوشش کریں۔
۲:۔ بچوں کو سنبھال کر رکھیں بچہ اِدھر اُدھر ہو جاتا ہے تو ماں پریشان ہو جاتی ہے۔ آپ بھی نہیں سن سکتی دوسروں کو بھی سننے سے محروم رکھتی ہے۔
۳:۔ اپنے بچوں کے لئے کھانے پینے کی چیز ساتھ لائیں تاکہ انہیں اُٹھ کر نہ جانا پڑے بہتر ہے کہ چھوٹے بچوں والیاں دروازوں کے قریب بیٹھیں۔
۴:۔ دوران جلسہ کسی کو سٹیج یا حلقہ خاص کا ٹکٹ نہیں دیا جائے گا۔ اس لئے جہاں جگہ ملے بیٹھ جائیں۔ اپنے ساتھ نیچے بچھانے کا کپڑا یا کشن ساتھ لائیں۔
۵:۔ بے وجہ اعلانات نہ کروائیں۔ انتہائی ضروری کام کے پروگرام میں رخنہ پڑتا ہے۔
۶:۔ جلسہ گاہ یا اسٹیج ملاقات کے لئے نہیں ہوتی جس سے ملنا ہو اس کے گھر جا کر ملیں۔ سڑک پر پکڑ لینا اور ملاقات شروع کر دینا وقار کے خلاف ہے۔
۷:۔ صفائی کا بہت خیال رکھیں۔ بچوں کو کسی پر پاخانہ نہ کروائیں۔ ایسا نہ ہو کہ وہاں دوسری بہن آ کر بیٹھے تو اس کے کپڑے خراب ہو جائیں۔
۸:۔ پردہ کا خیال رکھیں
۹:۔ بازاروں میں ضرورت سے زیادہ نہ جائیں۔
۱۰:۔ رات کو دیر تک سڑکوں پر نہ پھریں اور جو راستہ عورتوں کے لئے مقرر ہے اس پر چلیں
۱۱:۔ مردانہ جلسہ گاہ کے ارد گرد بیٹھ کر پروگرام نہ سنیں۔

(لجنہ اماء اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

زود جام عشق مکمل کورس 60/-
تریاق سلیمانی 3/- 6/- 15/- 25/-
سرمہ حمید 5/-
سرمہ اکسیر اعظم موتیا کیلئے 15/-
حب نور چشم اولاد نرینہ کیلئے 50/-
حب اکسیر انٹرا مکمل کورس 40/-
حب مقوی خاص صحت کیلئے 60/-
معجون فلاسفہ 250 گرام 25/-

المنار دواخانہ
ربوہ

فوری ضرورت

سنٹرل پولی کلینک ربوہ میں نہایت اعلیٰ سہولتوں کے ساتھ باوقار حیثیت سے پریکٹس کرنے کے خواہشمند ایم بی بی ایس ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹر فوراً رابطہ قائم کریں۔

شاہ میڈیکو ربوہ
اقصیٰ روڈ نزد ریلوے پھاٹک

احبابِ جماعت وقفِ جدید کا چندہ جلد ادا فرمائیں۔

ناظم مال وقف جدید
ربوہ

اعلان برائے کلرک دفتر لجنہ مرکزیہ

دفتر لجنہ مرکزیہ میں ایک لیڈی کلرک کی ضرورت ہے تعلیم بی۔اے سے کم نہ ہو خوشخط ہو۔ چٹھیوں کے جواب خوش اسلوبی سے دے سکتی ہو اپنے محلہ کی صدر لجنہ سے تصدیق کروا کر درخواستیں ایک ہفتہ کے اندر اندر بھجوا دیں۔

(آفس سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ۔ ربوہ)

ضروری گزارش

ملک کے دیگر اخبارات کی طرح الفضل میں بھی مختلف پراپرٹی ڈیلروں کے اشتہارات چھپتے رہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں جملہ قارئین الفضل کی خدمت میں بطور اطلاع گزارش ہے کہ وہ صرف اس پر ہی اکتفا کر لیا کریں کہ الفضل میں فلاں اشتہار چھپا ہے بلکہ سودا کرتے وقت پوری سوجھ بوجھ اور جانچ پڑتال سے کام لیتے ہوئے قانونی طور پر پوری تسلی کر لیا کریں تاکہ بعد میں کوئی قباحت پیدا نہ ہو۔

(مینیجر الفضل ۔ ربوہ)

ضروری اطلاع

الفضل کے جو خریدار جلسہ سالانہ پر تشریف لائیں وہ اپنا خریداری نمبر ضرور ساتھ لیتے آویں۔ جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں دفتر الفضل کا ٹینٹ جلسہ گاہ کے قریب ہی ہوگا۔

(مینیجر الفضل ربوہ)

پیلے ۔ دبلے ۔ پیلے

سوکھے اور کمزور بچے

"پیور بے بی ٹانک" قیمت ۱۲/

جرمن ادویہ سے تیار کردہ سے جلد صحتمند اور ہنس مکھ بن جاتے ہیں۔ منگوانے کا پتہ

شاہ ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

خلافت رابعہ کے بابرکت دور کا پہلا

جلسہ سالانہ مبارک ہو

الیاس دواخانہ ربوہ

اقصیٰ روڈ نزد مسجد اقصیٰ

فرنیچر خریدنے کے لئے بہترین دکان

مون لائٹ صوفہ ہاؤس

سپیشل لکڑی ۔ دیدہ زیب ڈیزائن اور معیاری کاریگروں کا تیار کیا ہوا معیاری فرنیچر خریدنے کیلئے

(نیز ہر سائز کے بالے، شہتیر، پھٹے اور دروازے کھڑکیاں وغیرہ دستیاب ہیں۔)

مون لائٹ صوفہ ہاؤس اقصیٰ روڈ ربوہ پر تشریف لائیں

آنکھوں کی ہر بیماری کیلئے مفید ہے۔

سرمہ طفیل نظر کو تیز کرتا ہے

قیمت ۱۲/ روپے ۔ کے ساتھ ساتھ کامیاب دوا عورتوں کے لئے خوشخبری۔

پیٹرولیکوریا

ملیریا شافی ۔ عرق نور پیٹ کی ہر بیماری کیلئے مفید ہے

حکیم محمد طفیل سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی رجسٹرڈ نمبر ۴۵۹۱-H

حال معرفت کوئٹہ کلاتھ ہاؤس ہاجرہ مارکیٹ گولبازار ربوہ

Pain Cures درد کی کیورز

Pains Cure	عام جسمانی دردیں
Knees Pains Cure	گھٹنوں کا درد
Backache Cure	کمر درد
Sciatica Cure	لنگڑی کا درد (ٹانگ میں)
Injuries Cure	ضرب چوٹ و موچ کا درد
Headache Cure	پرانا سر درد
Sun Headache Cure	دھوپ و گرمی سے سر درد
Glaucoma Cure	آنکھ و سر میں درد کی ٹیسیں
Heart Pain Cure	دل کا درد (انجائنا)
Colic Cure	پیٹ درد ۔ درد گردہ
Appendix Cure	اپنڈے سائٹس

ایک سے زیادہ کیورز اکٹھی بھی استعمال ہو سکتی ہیں۔

کیمسٹوں سے ۱۵/ روپے فی کیو ڈاک سے ۲۰/ زائد لٹریچر فری

پینز کیور سنٹرز

لاہور: بزی بی کیمسٹ کمرشل بلڈنگ چوک انارکلی مال روڈ

لاہور: افضل میڈیکل سٹور ملتان روڈ چوک رحیم خانہ

لاہور: مبشر میڈیکوز ۔ چوک میو ہسپتال

لاہور: خان برادرز میڈیکل اینڈ جنرل سٹور شالیمار لنک روڈ

فیصل آباد: کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار

جھنگ: خالد میڈیکل ہال کورٹ روڈ۔

ملتان: الطاف میڈیکل ہال صدر بازار

سرگودھا: العزیز میڈیکوز چوک سبزی منڈی

شیخوپورہ: لاثانی میڈیکل سٹور سرگودھا روڈ

اوکاڑہ: المستقیم میڈیکوز ہسپتال بازار

خوشاب: اشفاق میڈیکل ہال مین بازار

منڈی بہاؤالدین: اسراری دواخانہ کمیٹی بازار

کراچی: خواجہ میڈیکل سٹورز بالمقابل ایکسپریس مارکیٹ صدر

"پینز کیور سنٹر" بننے کیلئے باحیثیت پارٹیاں رجوع فرمائیں

کیو ٹیو میڈیسن کمپنی (رجسٹرڈ) گول بازار ربوہ فون 606 507

دواخانہ حکیم نظام جان

اقصیٰ چوک ربوہ کا

فون نمبر ۵۵۸

نوٹ ۔ بچوں کے حبیبی کارڈ دواخانہ سے حاصل کریں

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

گوجرانوالہ ۔ ربوہ

ریح توڑ گولیاں

ہر قسم کی ریاحی اور جوڑوں کے دردوں کا شافی علاج

تیار کردہ:۔ نصرت دواخانہ ہاضمون

رجسٹرڈ ربوہ بالمقابل ایوان محمود

ایک سیرپ

لیکورین سفوف

لیکوریا کا مکمل علاج کورس ۳۰/

ساجد دواخانہ ربوہ

حضرت خلیفۃ المسیح اوّلؓ کا عطا کردہ

مجرب نسخہ

قادیان کا قدیمی مشہور عالم بے نظیر تحفہ

سرمہ نور رجسٹرڈ

امراض چشم کا شافی علاج اور نظر کو بڑھاپے تک قائم رکھتا ہے۔

سرمہ نور والوں کا

نورانی کاجل

امراض چشم اور آنکھوں کی خوبصورتی کیلئے تحفہ

شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ گولبازار ربوہ

آپ کو معلوم ہو کہ سب سے قدیمی پرفیومری

دلکشا پرفیومری کمپنی (رجسٹرڈ) آف قادیان

کی بنیاد ۱۹۲۷ء میں

حضرت مصلح موعود نے ڈالی تھی۔ اور یہ نصف صدی سے زائد عرصہ سے آپکی خدمت میں پیش پیش ہے۔ ہمیشہ کی طرح ان کی یاد کو پھولوں کی طرح تازہ رکھنے کیلئے روزِ اوّل کی طرح آپکی خدمت میں جلسہ سالانہ کے مبارک موقعہ پر بہترین تیل "دلکشا ہیئر آئل" جو گرتے بالوں کے لئے اکسیر ہے۔ اور خالص دیسی عطریات حنا خس گلاب چنبیلی ۔ عنبر کا مجموعہ پیش کرتی ہے۔ آج ہی افضل بریلوز گولبازار۔ ربوہ کے ہاں تشریف لائیں اور سلسلہ کے لوگوں کی مصنوعات خرید کر حوصلہ افزائی فرمائیں۔

المشتہر:۔ دلکشا پرفیومری کمپنی رجسٹرڈ مزید تفصیلات کیلئے۔ مکان ۵۷ گلی ۹۲ نسبت روڈ لاہور

شکوہ پارک ربوہ

ہاؤسنگ سکیم

- ٹاؤن کمیٹی ربوہ سے منظور شدہ
- پختہ سڑکیں آخری مرحلہ میں
- ہر قسم کے جھگڑے سے پاک

احباب فائدہ اٹھائیں

سیل شروع ہے

مومن اسٹیٹس گولبازار ربوہ فون ۵۱۷

علی اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۶۴

صدیق اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۴۰

املاک کنسرن پراپرٹی ڈیلر اینڈ جنرل برنس ریلوے روڈ ربوہ

پروپرائیٹر:۔ حاجی عبدالسمیع باسط منزل دارالرحمت شرقی ب ربوہ فون گھر ۴۱۶ فون ۶۱۴

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اہلِ ربوہ توجہ فرمائیں

ربوہ میں ایک مہمان کو اگر ایک کانٹا بھی چبھ جائے تو ہمارے لئے دُکھ اور شرم کی بات ہوگی۔ "ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ"، حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کی روشنی میں آپ سے التماس ہے کہ:-

- اپنے گھروں کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔
- گلیوں اور راستوں پر کوڑا کرکٹ پھینکنے کی بجائے مناسب جگہ پر گڑھا کھود کر دبا دیا
- گھروں کے سامنے کی نالیوں کی صفائی کی جائے اور گندے پانی کے نکاس کا انتظام کیا جائے۔
- گھروں کے اندر گڑھا کھود کر کوڑا کرکٹ ڈالا جائے جسے بعد میں جلا دیں۔ گھروں کے باہر ہرگز گند نہ پھینکیں۔
- اپنے گھروں کی چار دیواری کو صدر یا زعیم محلہ کی ہدایت کے مطابق رنگ روغن کریں۔
- جلسہ کے ایام میں گھروں سے باہر گلیوں میں روشنی کا مناسب بندوبست کیا جائے۔
- خودرو اور فالتو جھاڑیوں کی مناسب کانٹ چھانٹ کی جائے۔
- دکانوں، کھوکھے والے اور ریڑھیوں والے اپنی دکانوں کے ساتھ ڈرم وغیرہ رکھیں تاکہ جو شخص کوئی چیز کھائے تو اُس کا چھلکا سڑک پر نہ پھینکے۔
- راستوں، نالیوں، پلیوں اور گڑھوں وغیرہ کی صفائی۔ دُرستگی اور چھڑکاؤ کا باقاعدہ انتظام کیا جائے۔

ربوہ فی الحقیقت ایک "غریب دُلہن" کی طرح سج جائے۔

(مہتمم وقارِ عمل خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

ضروری اعلان

الفضل آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے اس کی اشاعت بڑھا کر اور اس میں اشتہار بھجوا کر ادارہ سے تعاون کیجئے۔

(منیجر الفضل ربوہ)

ہر بچہ قاعدہ یسرنا القرآن پڑھنے والا ہو

علوم روحانی کے سیکھنے کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے انصار اللہ کے اجتماع ۱۹۷۹ء کے موقعہ پر پروگرام کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا

"عمر کے لحاظ سے ہر بچہ قاعدہ یسرنا القرآن پڑھنے والا ہو۔ جب میں ہر بچہ کہتا ہوں تو میری مراد ہر احمدی بچہ سے ہے خواہ وہ شہر میں رہنے والا ہو خواہ وہ دیہات میں رہنے والا ہو خواہ وہ بڑی جماعتوں کا ایک طفل ہو خواہ وہ ایسے خاندان سے تعلق رکھتا ہو کہ جہاں صرف ایک ہی خاندان احمدی ہے۔ جتنی جلد ممکن ہو سکے ہر بچے کو قاعدہ یسرنا القرآن پڑھا دیا جائے۔" (جماعت سے خطاب ۱۹۷۹ء برموقعہ سالانہ اجتماع انصار اللہ مرکزیہ)

پبلشر قاعدہ یسرنا القرآن:-

مرزا مظفر احمد بیت الاحسان

— دارالصدر ربوہ —

جذبوں کا سمندر

جلسہ سالانہ ربوہ

پندرہویں صدی کا دوسرا جلسہ سالانہ

شمولیت کا موقع ضرور نکالیں

مشہور دواخانہ

جلسہ سالانہ پر انڈوں کی پلٹی (کریٹ)

مارکیٹ سے کم ریٹ پر حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ قائم کریں!

منور احمد و ظفر احمد عطاء ۵/۲۲ دارالرحمت شرقی

فون نمبر ۴۱۳ الف۔ ربوہ

احمدیہ بک ڈپو (ایک قومی ادارہ)

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب احمدیہ بک ڈپو سے سلسلہ کا لٹریچر خریدیں

جیسا کہ احباب کو علم ہے پچھلے سال جلسہ سالانہ سے احمدیہ بک ڈپو کام کر رہا ہے۔ اس کے قیام کی غرض یہ ہے کہ بیرونِ پاکستان اور پاکستان بھر سے آنے والے دوست اپنا قیمتی وقت ضائع کئے بغیر ایک ہی جگہ سے اپنا مطلوبہ لٹریچر مقررہ قیمت پر حاصل کر سکیں اور اُن کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔

احباب کی سہولت کے لئے احمدیہ بک ڈپو میں یہ انتظام کیا گیا ہے کہ سلسلہ کی شائع کردہ موجود کتابیں یہاں جمع کر دی جائیں اور دوست ایک ہی جگہ سے کتب حاصل کر لیں اس لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ جلسہ سالانہ پر کتب خریدنے کے لئے احمدیہ بک ڈپو میں ہی تشریف لائیں اور قومی ادارہ کو خدمت کا موقع دیں۔

(ناظم احمدیہ بک ڈپو)

بیرونِ ملک سے تشریف لانیوالے احباب متوجہ ہوں

جلسہ سالانہ پر بیرون پاکستان سے تشریف لانے والے مہمان اپنے نام وکالت تبشیر میں درج کروائیں جلسہ کے ایام میں دفتر تبشیر ہر وقت کھلا رہے گا۔

(وکیلۃ التبشیر)

نادر موقعہ

برائے فروخت

ایک عدد شیلر ربوہ کے نواح میں۔ نہایت اچھی حالت میں۔ برلب پختہ سڑک (رقبہ ۱۶ کنال)

- دھان کی منڈی میں واقع — سیلاب سے محفوظ
- شاندار پختہ چھتوں والی بلڈنگ — ۵۰۰۰ مربع فٹ مسقف رقبہ
- کسری زمین سے ۴ فٹ بلند — ۶۰۰ بوری روزانہ سیلا بنانیکا مکمل انتظام (کڑاہ وغیرہ)
- ایک ٹیوب ویل ایک پمپ
- چار عدد بلہر مشین — ایک عدد ڈس انٹگریٹر مشین (ٹوہ کو پھک بنانیوالی)

سوئی گیس کنکشن کے امکانات

- مرزا طیب احمد فون ۵۹۵
- (UBL) ۶۷۶ (رابطہ)
- بلال پراپرٹی ڈیلر

بے اولاد نرینہ اولاد سے محروم دکھی عورتوں کے لیے پُر اُمید واحد مرکز

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام

دواخانہ حکیم نظام جان

فون ربوہ ۵۵۵

زیر نگرانی حکیم انوار احمد جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ۔ اقصیٰ چوک ربوہ

فون: ۷۳۹۹۷

پوسٹ بکس نمبر ۲۲۲

Digitized by Khilafat Library Rabwah